

# پاک سرزمین میدان سیاحت کیلئے ایک مثالی حیثیت رکھتی ہے

### بزنس کیمونٹی کی ہر دلعزیز شخصیت

## جناب عاصم پرویز صدیقی کا خصوصی پیغام

رب العزت نے پاک سرزمین کو نہ صرف اپنے قدرتی حسن سے مالا مال کیا ہے بلکہ اس سرزمین کے چپہ چپہ کو بھی اپنی لازوال نعمتوں سے نوازا ہے اور اس سرزمین کے تمام علاقے قدرتی حسن کے شاہکار ہیں اور قدرتی حسن سے بھرپور یہ تمام علاقے سیاحتی میدان میں ایک مثالی حیثیت رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے دنیا بھر کے امن پسند لوگو ں کی اوّلین خواہش ہوتی ہے کہ وہ پہلی فرصت میں پاکستان کا وزٹ کریں اور اس سلسلے میں ہمارے حکمرانوں اور قومی رہنماؤں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے طرزِ حکمرانی اور طرز زندگی کی اصلاح فرمائیں اور ملک وقوم پر رحم کھاتے ہوئے آپس میں آخوت و بھائی چارے کے رشتہ کو استوار کریں تاکہ ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی سے ہمکنار کیا جا سکے جبکہ ملک میں سیاحت کی ترقی کے حوالے سے پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری کی اشاعت قابل تحسین ہے اور یہ ملک میں سیاحت کی ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔

جناب عاصم پرویز صدیقی تحریک پاکستان کے ایک ممتاز گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اور اس خاندان نے اپنے آپ کو ملک کی تعمیر و ترقی اور دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے وقف کر رکھا ہے جناب عاصم پرویز صدیقی کی سربراہی میں متعدد ادارے کام کر رہے ہیں اور یہ ادارے بزنس کیمونٹی کی رہنمائی اور ان کی مشکلات کا ازالہ کرنے میں نمایاں کردار کر رہے ہیں۔